© rasailojaraid.com

# نقد و تبصرہ

> تبصرہ کے لیے ہر کتاب کے دو نسخوں کا آنا ضروری ہے۔ ادارہ کی طرف سے زیر تبصرہ کتاب کا اجمالی اور مجموعی جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔ کتاب کے تمام مندرجات سے اتفاق ضروری نہیں۔ ادارہ

کتاب :۔ قبولیتِ عمل کی شرائط "تالیف :۔ مولانا محمد منیر قمر ۔۔۔ ۳۸۰ صفحات

ناشر : مکتبہ کتاب و سنت ریحان چیمہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ (حفظہ اللہ تعالیٰ)

ہر ایک مسلمان اپنی زندگی میں تنکوں کی طرح نیکیاں جمع کرتا ہے۔ اگر انھیں سلیقہ سے جمع نہ کیا جائے یا ذخیرہ کرنے کے بعد ان کی حفاظت نہ کی جائے تو محنت رائیگاں اور کوشش بے کار رہتی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ نیکی کرتے وقت ایسی باتوں کا خیال رکھا جائے جن کے پیش نظر یہ "اندوختہ" قیامت کے دن کام آسکے۔ ہمارے قابلِ احترام فاضل دوست جناب مولانا محمد منیر قمر نے زیرِ تبصرہ کتاب میں اسی موضوع کو اٹھایا ہے اور کتاب و سنت کی روشنی میں ان شرائط کی نشاندہی فرمائی ہے جو قبولیتِ عمل کے لیے ضروری ہیں۔ وہ شرائط صحتِ عقیدہ، اخلاص، موافقتِ سنت اور پابندیٔ رزقِ حلال سے عبارت ہیں۔ نفسِ موضوع اور اس کے متعلقات کو باحوالہ پیش کیا گیا ہے۔ بالخصوص "بدعات اور ان کا اجمالی تعارف" بڑا جاندار اور پُر مغز ہے۔ بدفالی، جادو، علمِ نجوم، کہانت و رمل وغیرہ کو بھی زیر بحث لایا گیا ہے۔ مولف کی کوشش قابلِ قدر اور لائقِ تحسین ہے جس پر ہم انہیں ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں البتہ اس کے متعلق چند گزارشات پیشِ خدمت ہیں۔

حاشیہ میں اگر عربی عبارات کے ساتھ اگر ان کا اردو ترجمہ بھی دے دیا جاتا تو کم علم قاری بھی اس سے مستفید ہوتا نیز حدیث یا آیت کے اختتام پر ہی حوالہ دینا مناسب تھا۔ اس کے علاوہ احادیث پر اعراب لگا دیے جاتے تو بہتر تھا۔ بعض مقامات پر قرآنی آیات پر بھی اعراب نہیں لگائے گئے بعض مقامات پر رسول اللہ

باقی صہ ۲۰ پر

© rasailojaraid.com